© rasailojaraid.com



# تبصرے

**درس الاسلام پہلا حصہ** از جناب مولوی حفیظ الرحمٰن صاحب واصف۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۳۲ صفحات طباعت کتابت بہتر۔ قیمت ۵۰ نئے پیسے پتہ: کتب خانہ رحیمیہ اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶۔

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب دہلویؒ نے تعلیم الاسلام کے نام سے دینی رسالوں کا جو ایک سلسلہ شائع کیا تھا وہ ایک زمانہ میں اتنا مقبول ہوا تھا کہ برصغیر ہندو پاک کے علاوہ برما میں بھی مسلمانوں کے گھر گھر پڑھایا جاتا تھا۔ اور اب بھی سیکڑوں مکاتب اسلامیہ میں داخل نصاب ہے اس سلسلہ کو منظوم کرنے کا عزم مولانا مرحوم کے فرزند ارجمند جناب واصف نے کیا ہے چنانچہ زیر تبصرہ رسالہ تعلیم الاسلام کے پہلے نمبر کا منظوم ترجمہ ہے ترجمہ نہایت کامیاب ہے موصوف نے تعلیم الاسلام ہی کے الفاظ میں معمولی سی تقدیم و تاخیر کر کے اس کو شعر کا جامہ پہنا دیا ہے۔

اس بنا پر اب بچوں اور بچیوں کے لئے اس کا زبانی یاد کر لینا بھی آسان ہو گیا۔ آخر میں مشکل الفاظ کی ایک فرہنگ ہے، جس سے رسالہ کی افادیت دو چند ہو گئی ہے امید ہے کہ یہ منظوم تعلیم الاسلام مدارس اسلامیہ میں زیادہ سے زیادہ مقبول ہو گا اور مسلمان بچوں اور بچیوں کو اس سے مزید فائدہ پہنچے گا۔

**تذکرہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادیؒ** از مولانا ابوالحسن علی ندوی تقطیع کلاں ضخامت ۱۵۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت دو روپے پچاس نئے پیسے پتہ: مکتبہ دار العلوم ندوۃ العلماء۔ بادشاہ باغ لکھنؤ۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ چودھویں صدی ہجری کی ابتداء کے مشہور صاحب معرفت و طریقت بزرگ تھے جو اپنے عہد میں تصوف اور طریقت کے ایک اہم مرکز تھے اور جن سے ہندوستان کے علاوہ دوسرے ملکوں کے مسلمانوں نے بھی روحانی استفادہ کیا ہے۔

© rasailojaraid.com